Key to Success

سیرت رحمت العالمین

صلی اللہ علیہ وسلم



تالیف وترتیب

پروفیسر مفتی محمد احمد

استاد: شعبہ علوم اسلامیہ

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، ایجوکیشن یونیورسٹی

فہرست ابواب

باب اول

IDEAL LIFESTYLE

نبی الرحمت ﷺ کے معمولات یومیہ

بعد فجر: حضور ﷺ فجر کی نماز پڑھ کر تسبیحاتِ ذکر کرتے اور بعد میں مسجد میں اپنی جائے نماز پر چار زانو بیٹھ جاتے تھے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہ بھی آپ کے پاس آکر بیٹھ جاتے تھے۔ آپ ﷺ نازل کی گئی وحی کے بارے میں صحابہ کرام کو بتاتے، اسی مجلس میں آپ دین کے مسائل اور معاشرے میں رہنے کے طریقے بتاتے اور حسن اخلاق کی تعلیم فرماتے۔

اکثر حضور ﷺ صحابہ رضی اللہ عنہ سے دریافت فرماتے کہ تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہو تو بیان کرے۔ آپ ﷺ خواب سنتے اور اس کی تعبیر فرماتے۔ کبھی کبھار آپ ﷺ خود فرماتے کہ آج میں نے یہ خواب دیکھا ہے پھر خود ہی اس کی تعبیر فرمادیتے خواب کے حوالے سے بعد میں آپ نے یہ معمول ترک فرمادیا۔[مدارج النبوۃ]

اسی مجلس میں کبھی کبھار صحابہ کرام رضی اللہ عنہ جاہلیت کے قصے بیان کرتے، قصیدے اور اشعار سناتے یا مزاح کی باتیں بھی کرتے، آپ ﷺ صحابہ کی دل جوئی کرتے اور بات سنتے رہتے اور ان پر مسکرا بھی دیتے اسکے بعد آپ ﷺ اشراق کے نوافل پڑتے۔ اکثر اسی وقت مالِ غنیمت یا لوگوں کے وظیفے تقسیم فرماتے۔

جب سورج نکل کر خوب دن چڑھ جاتا تو آپ ﷺ صلوٰۃ الضحیٰ (چاشت کی چار یا آٹھ رکعت نفلیں) پڑھ کر مجلس برخاست فرمادیتے

اور پھر جس بیوی کے گھر جانے کی باری ہوتی اُس کے گھر تشریف لے جاتے۔ وہاں گھر کے کاموں میں لگے رہتے۔ اکثر گھر کے مختلف کام خود ہی انجام دیتے۔ دن میں صرف ایک بار کھانا تناول فرماتے، دوپہر میں آرام فرماتے۔[سیرۃ النبی ﷺ]

مشق

سوال نمبر:1 = آپ ﷺ کا نمازِ فجر کے بعد کیا معمول تھا؟

=

سوال نمبر:2 آپ ﷺ کا گھر میں معمول مبارک کیا تھا؟

سوال نمبر:3 = آپ ﷺ کا دوپہر میں معمول مبارک کیا تھا؟

سوال نمبر:2= جملے ملائیں

آپ ﷺ نازل کی گئی وحی کے بارے میں	اس کی تعبیر فرماتے
آپ دین کے مسائل	صحابہ کرام کو بتاتے
آپ ﷺ خواب سنتے اور	تو آپ ﷺ چاشت کی نماز ادا کرتے
آپ ﷺ اکثر گھر کے مختلف کام	اور معاشرے میں رہنے کے طریقے بتاتے
جب سورج نکل کر خوب دن چڑھ جاتا	خود ہی انجام دیتے

سوال نمبر:3= خالی جگہ پر کریں۔

1 : آپ ﷺ ــــــــــــ کے مسائل اور معاشرے میں رہنے کے طریقے بتاتے

2 : آپ ﷺ ــــــــــــ سنتے اور اس کی تعبیر فرماتے۔

3 آپ ﷺ گھر کے مختلف ــــــــــــ خود ہی انجام دیتے۔

4 آپ ﷺ دن میں صرف ایک بار ــــــــــــ تناول فرماتے۔

5 آپ ﷺ، ــــــــــــ میں آرام فرماتے۔

ظہر سے عشاء تک آپ ﷺ کی مصروفیات

بعد ظہر: ظہر کی نماز باجماعت پڑھ کر مدینہ منورہ کے بازاروں میں گشت کرتے، دکانداروں کا معائنہ کرتے اور اگر ضرورت ہوتی تو احتساب فرماتے، ان کے مال دیکھتے، ان کے مال کی اچھائی یا برائی جانچتے۔ ان کے ناپ تول کی نگرانی فرماتے۔ کہ کوئی کم تو نہیں تولتا رہا ۔بستی اور بازار میں کوئی حاجت مند ہوتا تو آپ ﷺ اس کی حاجت پوری فرماتے۔

بعد عصر: عصر کی نماز باجماعت پڑھ کر ازواج مطہرات میں سے ایک ایک کے گھر تشریف لے جاتے۔ حال پوچھتے اور تھوڑی تھوڑی دیر ہر ایک کے گھر ٹھہرتے اور یہ کام اتنی پابندی سے کرتے کہ ہر ایک کے گھر مقررہ وقت پر پہنچتے اور سب کو معلوم ہوتا تھا کہ آپ وقت کے بہت قدر شناس اور پابند ہیں۔

بعد مغرب : مغرب کی نماز آپ ﷺ باجماعت پڑھ کر اور نوافل اوابین سے فارغ ہو کر جس بیوی کی باری ہوتی آپ ﷺ رات گزارنے کے لیے وہیں ٹھہر جاتے۔ اگر تمام ازواج مطہرات اسی گھر میں آکر جمع ہو جاتیں۔ مدینہ کی عورتیں بھی اکثر جمع ہو جاتیں اس لیے آپ ﷺ اس وقت عورتوں کو دینی مسائل کی تعلیم فرماتے یہاں انتہائی ادب اور پردہ کے ساتھ عورتیں علمِ دین اور حسن معاشرت یا حسن اخلاق کی باتیں سیکھتیں۔ اللہ کے رسول عورتوں کو علمِ دین سے محروم اور اسلامی طریقہ سے ناآشنا نہیں رکھنا چاہتے تھے۔ یہاں ہی عورتیں اپنے مقدمات پیش کرتیں اور آپ ﷺ ان کا فیصلہ فرماتے۔ وہ اپنی پریشانیاں، شکایتیں، مجبوریاں بیان کرتیں

آپ ﷺ ان کو حل فرماتے۔ اگر کوئی بیعت ہونا چاہتی تو آپ ﷺ ان کو بیعت فرماتے، ان کاموں پر ان سے بیت لی جاتی کہ " اللہ کا شریک نہ بنائیں گی، چوری نہ کریں گی، بدکاری نہ کریں گی، اپنے بچوں کو قتل نہ کریں گی اور نہ کسی پر بہتان لگائیں گی اور نیک کاموں میں رسول ﷺ کے طریقے کی خلاف ورزی نہ کریں گی۔

بعد عشاء: عشاء کی نماز باجماعت پڑھ کر آپ اس رات جس جگہ قیام کرنا ہوتا اس قیام گاہ پر جاکر آرام فرماتے۔ عشاء کے بعد بات چیت کرنا آپ ﷺ پسند نہ فرماتے۔ آپ ﷺ ہمیشہ داہنی کروٹ لے کر سوتے اکثر داہنا ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے رکھ لیتے اور چہرۂ انور قبلہ کی طرف کر کے مسواک اپنے سرہانے ضرور رکھ لیتے۔ سوتے وقت سورۂ جمعہ، سورۂ فرقان، سورۂ صف کی تلاوت فرماتے۔ پھر جب بیدار ہوتے مسواک سے دانت صاف کرتے، وضو کرتے، پھر تہجد کی نوافل پڑھتے۔ کبھی نفل نماز کے سجدہ میں دیر تک دعا مانگتے ۔ پھر آرام فرماتے۔ جب فجر کی اذان ہوتی تو اٹھتے۔ حجرہ شریف ہی میں دو رکعت فجر کی سنت پڑھ کر وہیں دہنی کروٹ پر ذرا لیٹے پھر مسجد میں تشریف لاتے اور باجماعت نماز فجر ادا فرماتے۔

یہ آپ ﷺ کے روزانہ کے معمولات تھے۔

[ماخوذ از سیرت النبی ﷺ مولفہ مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ]

مشق:2

سوال نمبر:1 = آپ ﷺ مدینہ منورہ کے بازاروں کب تشریف لے جاتے۔اور وہاں آپ ﷺ کیا کرتے ؟

سوال نمبر:2 = آپ ﷺ عورتوں کو کس وقت تعلیم دیتے تھے ؟

سوال نمبر:3 = آپ ﷺ عورتوں سے کس بات پر بیت لیتے تھے ؟

سوال نمبر:2= جملے ملائیں

ظہر کی نماز باجماعت پڑھ کر	ایک ایک کے گھر تشریف لے جاتے۔
اگر بستی اور بازار میں کوئی حاجت مند ہوتا تو	اور نوافل اوابین ادا کرتے
عصر کی نماز باجماعت پڑھ کر ازواج مطہرات میں سے	مدینہ منورہ کے بازاروں میں گشت کرتے
مغرب کی نماز آپ ﷺ باجماعت پڑھ کر	آپ ﷺ اس کی حاجت پوری فرماتے۔
آپ ﷺ مغرب کے وقت عورتوں کو	دینی مسائل کی تعلیم فرماتے

سوال نمبر:3= خالی جگہ پر کریں.

1: آپ ﷺ ظہر کی نماز باجماعت پڑھ کر ـــــــــــ کے بازاروں میں گشت کرتے

2: آپ وقت کے بہت ____________ اور پابند ہیں۔

3: آپ ﷺ مغرب کے وقت عورتوں کو ـــــــــــ کی تعلیم فرماتے

4: اگر کوئی بیعت ہونا چاہتی تو آپ ﷺ ان کو ـــــــــــ فرماتے

5: ان کاموں پر ان سے بیت لی جاتی کہ "اللہ کا ـــــــــــ نہ بنائیں

دن کے وقت کی سنتیں

صبح سویرے اٹھتے ہی ان سنتوں پر عمل کرنا شروع کر دیں۔

1۔ نیند سے اٹھتے ہی دونوں ہاتھوں سے چہرے اور آنکھوں کو ملیں تاکہ نیند کا خمار دور ہو جائے۔[شمائل ترمذی]

2۔ جاگنے کے بعد جب آنکھ کھلے تو تین بار الحمد للہ کہیں اور تین بار کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھیں۔

3۔**اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَااَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ** پڑھنا سنت ہے۔[شمائل ترمذی]

ترجمہ: "تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں مار کر زندگی بخشی اور ہم کو اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے"۔

جب بھی سو کر اٹھیں تو مسواک کرنا چاہیے۔[ابو داؤد]

نیند سے جاگنے کے بعد استنجے وغیرہ کے لیے پانی کے برتن میں ہاتھ نہ ڈبوئیں بلکہ پہلے دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھولیں۔ تب پانی کے اندر ہاتھ ڈالیں۔[ترمذی]

اس کے بعد پھر رفع حاجت اور استنجے کے لیے جائیں۔ اس کے بعد اگر غسل کی حاجت ہو تو غسل کریں وگرنہ وضو یا بصورت بیماری تیمم کر کے نماز پڑھیں۔ پھر مسجد میں اول وقت جا کر نماز باجماعت ادا کریں۔

گھر سے باہر جانے کی دعا : حضرت انس سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب کوئی آدمی اپنے گھر سے نکلے تو کہے :

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ : میں اللہ تبارک تعالیٰ کا نام لے کر نکل رہا ہوں۔ اللہ ہی پر میرا بھروسہ ہے کسی خیر کے حاصل کرنے یا کسی شر سے بچنے میں کامیابی اللہ ہی کے حکم سے ہو سکتی ہے۔

تو عالم غیب میں اس آدمی سے فرشتے کہتے ہیں اللہ کے بندے تیرا یہ عرض کرنا تیرے لیے کافی ہے۔ تجھے پوری رہنمائی مل گئی اور تیری

حفاظت کا فیصلہ ہو گیا اور شیطان مایوس و نامراد ہو کر اس سے دور ہو جاتا ہے۔

[جامع ترمذی، سنن ابی داؤد، معارف الحدیث]

اشراق کی نماز: حضور اکرم ﷺ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر اشراق تک ذکر الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔ اس میں اعلیٰ درجہ تو یہ ہے کہ اس مسجد میں جس جگہ فرض پڑھے ہیں وہیں بیٹھے رہیں۔ درمیانی درجہ یہ ہے کہ اس مسجد میں کسی جگہ بھی بیٹھ جائیں کم درجہ یہ ہے کہ مسجد سے باہر چلے جائیں لیکن ذکر الٰہی برابر زبان سے ادا کرتے رہیں سورج نکلنے کے بعد اس میں جب چمک آجائے، یعنی سورج نکلنے کے پندرہ منٹ کے بعد دو رکعت نفل پڑھیں تو پورے ایک حج اور پورے عمرہ کا ثواب ملتا ہے اس کو نفل نماز کو اشراق کے نوافل کہتے ہیں۔

جو شخص اشراق کے وقت دو رکعت نفل پڑھے تو اس کے سب گناہ صغیرہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔[الترغیب والترہیب]

صبح کی دعا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح اس آیت کو پڑھتا ہے اس کو رات بھر کی چھوٹی ہوئی نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔

{فَسُبْحَانَ اللَّهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ-إِلَى-وَكَذَلِكَ تُخْرَجُونَ}(الروم: 17-19)

ترجمہ " : جس وقت تم لوگوں کو شام ہو اور جس وقت تم کو صبح ہو اللہ تبارک و تعالیٰ کی تسبیح کرو اور آسمان و زمین میں وہی اللہ تبارک و تعالیٰ تعریف کے قابل ہے اور پھر تیسرے پہر اور جب تم لوگوں کو دوپہر ہو، (اللہ تبارک و تعالیٰ کی تسبیح کرو) وہی زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور وہی مردے کو زندے سے نکالتا ہے اور وہی زمین کو مرنے کے بعد زندہ و شاداب کرتا ہے اور اسی طرح تم (لوگ مرنے کے بعد زمین) سے نکالے جاوگے۔

نماز اشراق سے فارغ ہونے کے بعد اپنے ذریعہ معاش میں مشغول ہو جائیں۔ کسب حلال و طیب حاصل کریں۔ اس کے علاوہ دیگر فرائض و واجبات کی ادائیگی اور تمام امور زندگی میں اتباع سنت کا اہتمام کریں۔

پھر جب آفتاب کافی اونچا ہو جائے اور اس میں روشنی تیز ہو جائے تو نماز چاشت ادا کریں۔ چار رکعت سے لے کر بارہ رکعت اس نماز کی رکعتوں کی تعداد ہے۔

حدیث شریف میں وارد ہے کہ چاشت کی صرف چار رکعت پڑھنے سے دن میں جو تین سو ساتھ جوڑ ہیں ان سب کا صدقہ ادا ہو جاتا ہے اور تمام صغیرہ گناہوں کی معافی ہو جاتی ہے۔[صحیح مسلم]

(0——————☆——————0)

مشق

سوال نمبر:1 = صبح سویرے اٹھتے ہی کن سنتوں پر عمل کرنا چاہیے؟

سوال نمبر:2 = حضور اکرم ﷺ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر اشراق کی نماز تک کیا کرتے؟

سوال نمبر:3 = جب آفتاب کافی اونچا ہو جائے تو کونسی نماز ادا کرنی چاہیے؟

سوال نمبر:2 = جملے ملائیں

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں	اشراق تک ذکر الٰہی میں مشغول رہتے تھے
جب بھی سو کر اٹھیں	اپنے ذریعہ معاش میں مشغول ہو جائیں
حضور اکرم ﷺ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر	جس نے ہمیں مار کر زندگی بخشی
جو شخص اشراق کے وقت دو رکعت نفل پڑھے تو	تو مسواک کرنا چاہیے
نماز اشراق سے فارغ ہونے کے بعد	اس کے سب گناہ صغیرہ معاف کر دیئے جاتے ہیں

سوال نمبر:3= خالی جگہ پر کریں.

1. جاگنے کے بعد جب آنکھ کھلے تو تین بار ——— کہیں۔
2. نیند سے جاگنے کے بعد ——— وغیرہ کے لیے پانی کے برتن میں ہاتھ نہ ڈبوئیں۔
3. حضور اکرم ﷺ ——— نماز سے فارغ ہو کر اشراق تک ذکر الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔
4. سورج نکلنے کے بعد دو رکعت نفل پڑھیں تو پورے ——— اور پورے عمرہ کا ثواب ملتا ہے۔
5. کسب حلال و ——— حاصل کریں۔

قیلولہ : اگر فرصت میسر ہو تو اتباع سنت کی نیت سے دوپہر کو کچھ دیر لیٹ جائے اس کو قیلولہ کہتے ہیں۔اس مسنون عمل کے لیے سونا ضروری نہیں صرف لیٹ جانا ہی کافی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ سلف صحابہ پہلے جمعہ ادا کرتے تھے پھر قیلولہ کرتے تھے۔[بخاری]

حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ دن نکلتے وقت فجر کے بعد سونا بے عقلی اور دوپہر کو سونا عادت اور دن چھپتے وقت سونا حماقت ہے۔[بخاری]

(مطلب یہ ہے کہ رات کے علاوہ اگر کسی وقت نیند کا غلبہ ہو تو دوپہر کا قیلولہ تو ٹھیک ہے مگر صبح وشام سونا حماقت، بے عقلی اور نادانی ان اوقات میں سونا طبیعت میں یہ خصائل وصفات پیدا کر دیتا ہے۔[الادب المفرد]

ظہر کی نماز باجماعت ادا کرنے کے بعد پھر اپنی مصروفیات زندگی میں مشغول ہو جائیں اور عصر کی نماز کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ قرآن شریف میں اس کا خصوصی حکم آیا ہے۔

حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى

صلوۃ الوسطی سے مراد نماز عصر ہے اس کی حضور ﷺ نے بہت تاکید فرمائی ہے[بہشتی زیور]

عصر کی فرض نماز سے پہلے چار رکعت پڑھنا سنت ہے اور اس کی بڑی فضیلت وارد ہے۔

[ترمذی]

فجر کی نماز کی طرح عصر کی نماز پڑھنے کے بعد تھوڑی دور بیٹھے اور ذالہی کرتا رہے پھر دعا مانگے۔[بہشتی زیور]

رات کی سنتیں

نماز اوابین : مغرب کی نماز کے بعد کم از کم چھ رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھی جاتی ہیں۔اس نماز کا ثواب بارہ سال کی نفلوں کے برابر ملتا ہے۔[الدر المختار۔سنن ابو داؤد، مشکوۃ، بیہقی]

نماز عشاء: پھر وقت پر عشا کی نماز با جماعت ادا کریں۔

عشاء کے فرض سے پہلے چار رکعت سنت ہیں۔[بدائع]

عشاء کے فرض کے بعد دو رکعت سنت موکدہ ہیں۔[مشکوۃ]

عشاء کی ان دو سنتوں کے بعد بجائے دو رکعت نفل پڑھنے کے چار رکعت نفل پڑھے تو شب قدر کے برابر ثواب ملتا ہے۔[الترغیب]

اور جس کی تہجد کے وقت آنکھ نہ کھلتی ہو تو یہ عشاء کی نماز کے بعد نفل تہجد کی نیت سے پڑھ لیا کرے تو یہ تہجد میں شمار ہو جاتی ہیں۔اگر پچھلی رات کو آنکھ کھل جائے تو اس وقت تہجد کی نماز پڑھ لیں۔ورنہ چار رکعت ہی کافی ہو جائیں گی۔[بہشتی زیور، الترغیب]

وتر کے بعد دو رکعت نفل پڑھی جاتی ہیں۔

نماز تہجد: حدیث شریف میں آیا ہے کہ فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز آخر شب میں تہجد کی نماز ہے۔

تہجد کا فضل وقت: رات کا آخری حصہ ہے کم از کم دو رکعت ہیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعت ہے۔[بخاری، موطا امام مالک]

فرض نمازوں کے علاوہ باقی نمازوں کو اپنے گھر میں پڑھنا افضل ہے۔ لہذا تہجد کی نماز گھر ہی میں پڑھنی افضل ہے۔

رات کی نماز میں افضل یہ ہے کہ دو دو رکعت کر کے پڑھی جائے۔ اس لیے تہجد کی دو دو رکعتیں پڑھنی چاہئیں۔

[حصن حصین، بہشتی گوہر]

مشق

سوال نمبر:1 =　چاشت کی نماز ادا کرنے سے کس چیز کا صدقہ ادا ہوتا ہے؟

سوال نمبر:2 =　قیلولہ کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر:3 =　صلوۃ الوسطی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر:2 = جملے ملائیں

عشاء کے فرض سے پہلے	گھر والوں کو سلام کرے
فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز	پڑھنی افضل ہے
جو شخص اپنے گھر میں آئے تو سب سے پہلے	نفل پڑھی جاتی ہیں
لہذا تہجد کی نماز گھر ہی میں	آخر شب میں تہجد کی نماز ہے
وتر کے بعد دو رکعت	چار رکعت سنت ہیں

سوال نمبر:3= خالی جگہ پر کریں.

1 عشاء کے فرض سے پہلے چار رکعت ــــــــ ہیں

2 وتر کے بعد دو رکعت ــــــــ پڑھی جاتی ہیں

3 فرض نماز کے بعد سب سے ــــــــ نماز آخر شب میں تہجد کی نماز ہے

جو شخص اپنے گھر میں آئے تو سب سے پہلے ــــــــ کو سلام کرے

عصر کی فرض نماز سے پہلے چار رکعت پڑھنا ــــــــ ہے

گھر میں آمد ورفت کا طریقہ: جو شخص اپنے گھر میں آئے تو سب سے پہلے گھر والوں کو سلام کرے۔ اس کے بعد یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا. [حصن حصین]

ترجمہ :"اے اللہ تبارک وتعالیٰ میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں۔ ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کا نام لے کر داخل ہوئے اور ہم اللہ تبارک وتعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہیں وہ ہی ہمارا رب ہے۔"

اگر اس وقت گھر میں کوئی نہ ہو تو اس طرح سلام کرے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ

اور فرشتوں کی نیت کرے۔[عن حضرت علی، حصن حصین]

جب گھر والوں میں سے کیا کے بے پردہ ہونے کا اندیشہ ہو تو اطلاع دے کر مثلاً دروازہ کھٹکھٹا کر یا پہلے اجازت لے کر اندر داخل ہو۔[مشکوۃ]

گھر والوں کو کنڈی سے یا پیروں کی آہٹ سے یا کھنکھارنے سے خبر دار کر دینا چاہیے۔[نسائی]

(ف): بعض اوقات والدہ، بیٹی، بہن بھی ایسی حالت میں بیٹھی ہوتی ہیں کہ اچانک گھر آجائے سے ان کو حیاو شرم آتی ہے اس لیے کھنکھار کر اطلاع دے کر گھر میں جانا چاہیئے۔[الادب المفرد]

عشاء کی نماز پڑھنے سے پہلے نہ سوئیں ایسا نہ ہو کہ عشاء کی نماز رہ جائے۔[مشکوۃ]

عشاء کی نماز کے بعد قصے کہانیاں دیکھنا، سننا یا پھر دنیوی باتوں کی مجلس لگانا اس سے نبی پاک ﷺ نے منع فرمایا ہے[مشکوۃ]

البتہ بیوی بچوں سے نصیحت کی کہانیاں یا دلچسپی کی باتیں کرنا مسنون ہے۔[شمائل ترمذی]

اندھیری رات ہو اور روشنی کا انتظام نہ بھی ہو تب بھی مسجد میں جا کر نماز عشاء باجماعت ادا کرنا موجب بشارت وثواب عظیم ہے۔[ابن ماجہ]

ہر فرض نماز نبی ﷺ کو باجماعت ہی سیکھائی گئی تھی مکمل نماز وہ ہی ہے جو باجماعت تکبیر اولیٰ کے ساتھ ادا کی جائے۔[الترغیب]

جو شخص چالیس رات عشاء کی نماز جماعت سے تکبیر اولیٰ سے ادا کرے تو اس کے لیے دوزخ سے نجات لکھ دی جاتی ہے۔

[ابن ماجہ]

رات کی حفاظت: حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ رات گئے قصہ کہانیوں کی محفل میں نہ جایا کرو کیونکہ تم میں سے کسی کو بھی خبر نہیں کہ اس وقت اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے کس کس کو کہاں کہاں پھیلایا ہے۔ اس لیے دروازے بند کر لیا کرو، مشکیزوں کے منہ باندھ دیا کرو، برتنوں کو اوندھا کر دیا کر (یا کسی شے سے ان کو ڈھاپپ دو) اور چراغ گُل کر دیا کرو ۔(اس لئے چولہا، ہیٹر، گیس بلب وغیرہ بند کر دینا چاہیے)[بخاری، الادب المفرد]

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ جب تم رات کو کتے کا بھونکنا اور گدھے کا چلانا سنو تو شیطان مردود سے خدا کی پناہ مانگو یعنی (أَعوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطانِ الرَّجيم) کیونکہ کتے اور گدھے وہ چیز دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھتے اور رات کو جب لوگ بازاروں میں پھرنا موقوف کریں اور راستے بند ہو جائیں تو تم گھر سے بہت کم نکلا کرو، اس لیے کہ رات کو خدا کی مخلوقات میں سے جس کو چاہتا ہے پراگندہ کرتا ہے۔[مشکوۃ]

شام اور احتیاط: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب شام کا وقت ہو تو اپنے چھوٹے بچوں کو گلی کوچوں میں پھرنے سے روکو کیونکہ شیاطین کا لشکر شام کے وقت پھیل جاتا ہے۔ ہاں جب رات کا کچھ حصہ گزر جائے تو پھر بچوں کو چھوڑ دینے میں کوئی مضائقہ نہیں اور رات کو دروازے بند کر دیا کرو اور بند کرتے وقت اللہ تبارک وتعالیٰ کا نام لے لیا کرو۔(بسم اللہ یا اور کوئی دعا پڑھو) کیونکہ شیطان اس دروازے کو کھولنے کی قدرت نہیں رکھتا جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے نام کے ساتھ بند کیا گیا ہو[صحیحین]

بستر صاف کرنا: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جب کوئی اپنے بستر پر لیٹنے کا ارادہ کرتے تو اسے چاہیے کہ

بستر جھاڑ لے، معلوم نہیں کیا چیز اس کے بستر پر پڑی ہو پھر دائیں کروٹ پر لیٹے اور یہ

دُعا پڑھے۔

بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا
وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ الصَّالِحِيْنَ اَوْ قَالَ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ

ترجمہ " : آپ ہی کے نام کے ساتھ میں نے اپنا پہلو رکھا اور آپ ہی قدرت سے اٹھاوں گا اور (آپ اس نیند کی حالت میں) میری روح قبض کر لیں تو اس پر رحم فرمانا اور اگر پھر آپ اسے بھیجیں تو اس کی حفاظت کرنا جس طرح حفاظت کرتے ہیں آپ اپنے نیک بندوں کی['' مشکوۃ، الادب المفرد]

متفرق سنتیں

سونے کے لیے پھر مسواک کر لیں۔[مشکوۃ]

سونے سے قبل دونوں ہاتھ کی ہتھیلیاں ملا کر ان پر ایک مرتبہ **بسم اللہ الرحمن الرحیم** پڑھ کر سورۃ اخلاص پڑھیں پھر پوری **بسم اللہ** پڑھ کر **قل اعوذ برب الفلق** اور **قل اعوذ برب الناس** پڑھیں اور دونوں ہاتھوں پر پھونک کر سر سے پیر تک جہاں تک ہاتھ پہنچے پھیر لیں۔ پہلے سامنے کے حصے پر پیروں تک اس کے بعد کمر کی طرف ہاتھ پھیریں۔ اسی طرح تین بار کریں۔ حضور ﷺ کا یہ معمول تھا۔[بخاری، ترمذی، حصن حصین]

رات کی مسنون دعائیں اور نبی ﷺ کا طریقہ

وہ دعائیں جو رات میں پڑھی جاتی ہیں:

1۔ سورہ بقرہ کی دو آخری آیتیں پڑھے۔[صحاح ستہ]

2۔ قل ھو اللہ احد پڑھے۔[بخاری، مسلم، نسائی]

3۔ قرآن مجید کی سو آیتیں پڑھے۔[حاکم عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

4۔ قرآن مجید کی دس آیتیں پڑھے۔[حاکم عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

5۔ سورۃ یٰسین پڑھے۔[ابن حبان عن جندب رضی اللہ عنہ، حصن حصین]

رات میں بستر پر جانے کے وقت: (**۳۳بار، سبحان اللہ / ۳۳بار، الحمد للہ / ۳۴بار، اللہ اکبر**) پڑھیں اور ایک بار کلمہ

طیبہ **لا الہ الا اللہ محمد وسول اللہ** شریف پڑھ کر سوجائیں۔[مشکوۃ]

تہجد کے لیے مصلی سرہانے رکھ کر سونا سنت ہے۔[نسائی]

رات میں سونے سے قبل سورۃ واقعہ کاورد کرلینے سے فاقہ کی نوبت نہیں آتی۔[الترغیب]

حضور ﷺ کی عادت مبارک تھی کہ آپ ﷺ سونے سے پہلے مسبحات پڑھا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ مسبحات میں ایک آیت ایسی ہے جو ہزار آیتوں سے بہتر ہے۔ مسبحات میں یہ چھ سورتیں ہیں۔

1۔ سورۂ حدید   2۔ سورۂ جمعہ

3۔ سورۂ حشر   4۔ سورۂ تغابن

5۔ سورۂ صف   6۔ سورۂ الاعلیٰ[حصن حصین]

تہجد کی نماز کے لیے اٹھنے کی نیت کرکے سونا سنت ہے۔[نسائی]

وضو کا پانی اور مسواک پہلے سے تیار کرکے سونا سنت ہے۔[مسلم]

جس وقت رات کو آنکھ کھل جائے صبح صادق ہونے سے پہلے پہلے تہجد کی نماز پڑھنا سنت ہے۔[مشکوۃ]

سوتے وقت تین بار استغفار ضرور پڑھیں یہ حضور نبی کریم کی سنت ہے۔

أَسْتَغْفِرُ اللهَ العَظِيمَ الَّذِي لاَ إِلَهَ إِلاَّ هُوَ، الحَيُّ القَيُّومُ، وَأَتُوبُ إِلَيهِ

[ترمذی، معارف الحدیث]

طہارت کے ساتھ سوئیں یعنی باوضو ہو کر سونا چاہیے۔ [الترغیب]

خواب: جب کوئی اپنے خواب میں پسندیدہ چیز دیکھے تو اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر ادا کرے اور اس کو بیان کرے [مسلم، نسائی، بخاری] اور اپنے خیر خواہ کے علاوہ کسی سے خواب بیان نہ کرے۔ [بخاری ومسلم]

اور جب خواب میں ناپسندیدہ بات دیکھے تو بائیں طرف تین بار تھتکار دے۔ [بخاری ومسلم]

اور یہ دعا تین بار پڑھے (أَعوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطانِ الرَّجيم) کسی اور سے اس خواب کا ذکر نہ کرے۔ پھر وہ خواب ہر گز اس کو نقصان نہ پہنچائے گا۔ [بخاری، مسلم، ابوداؤد]، [صحاح ستہ]

اور جس کروٹ پر ہے اس کو بدل دے۔ [مسلم]

یا اٹھ کر نماز پڑھے۔[1] [بخاری، حصن حصین]

مشق

سوال نمبر:1 = وہ کونسی دعائیں ہیں جو رات میں پڑھی جاتی ہیں؟

سوال نمبر:2 = رات میں کونسی سورۃ کا ورد کرنے سے فاقہ کی نوبت نہیں آتی؟

سوال نمبر:3 = کونسی کی نماز کے لیے اٹھنے کی نیت کر کے سونا سنت ہے؟

سوال نمبر:2= جملے ملائیں۔

سوتے وقت تین بار	تہجد کی نماز پڑھنا سنت ہے
صبح صادق ہونے سے پہلے پہلے	پہلے سے تیار کر کے سونا سنت ہے
مسبحات میں ایک آیت ایسی ہے	استغفار ضرور پڑھیں
وضو کا پانی اور مسواک	یعنی باوضو ہو کر سونا چاہیے
طہارت کے ساتھ سوئیں	جو ہزار آیتوں سے بہتر ہے

سوال نمبر:3= خالی جگہ پر کریں۔

1. تہجد کی نماز کے لیے اٹھنے کی نیت کر کے سونا ــــــــــــــــ ہے۔

2. سوتے وقت ــــــــــــ بار استغفار ضرور پڑھیں۔

3. سونے کے لیے پھر ــــــــــ کر لیں۔

4. تہجد کے لیے ــــــــــــ رکھ کر سونا سنت ہے۔

5. جب خواب میں ناپسندیدہ بات دیکھے تو ــــــــــ تین بار تھتکار دے۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلاَّ الْبَلاَغُ الْمُبِينُ وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللهِالْعَلِيِّ الْعَظِيمُ

مشق

سوال نمبر1:-

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات کا حال پوچھنے کب تشریف لے جاتے ؟

جواب نماز عصر باجماعت پڑھ کر کر ازواج مطہرات میں سے ایک ایک کے گھر تشریف لے جاتے۔ حال پوچھتے اور ذرا ذرا دیر ہر ایک کے یہاں ٹھہرتے تھے اور یہ کام اتنی پابندی سے کرتے کہ ہر ایک کے یہاں مقررہ وقت پر پہنچے اور سب کو معلوم ہوتا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وقت کے بہت قدر شناس اور پابند ہیں-

سوال نمبر2:- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عورتوں کو دینی تعلیم کب دیتے تھے ؟

جواب:- نماز مغرب باجماعت پڑھ کر اور نوافل اوابین سے فارغ ہو کر جن بیبی کی باری ہوتی آپ شب گزارنے کے لئے بہی بیٹھ جاتے اکثر جب تمام ازواج مطہرات اسی گھر میں آکر جمع ہوتی مدینہ کی عورتیں بھی اکثر جمع ہوتی اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت عورتوں کو دینی مسائل کی تعلیم فرماتے گویا یہ مدرسہ شبینہ اور مدرسہ نسواں قائم ہوتا جس میں انتہائی ادب اور پردہ کے ساتھ عورتیں علم دین، حسن معاشرت، حسن اخلاق کی باتیں اس معلم عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھتی-

سوال نمبر3:- آپ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو بیعت لیتے وقت کیا فرماتے تھے ؟

جواب:- اگر عورتوں میں سے کوئی بیعت ہونا چاہتی آتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو بیعت فرماتے وقت ان امور پر کے: "اللہ کا شریک نہ بنائیں گی چوری نہ کریں بدکاری نہ کریں گے اپنے بچوں کو قتل نہ کریں اور کسی کو بہتان نہ لگائیں گی اور نیک کاموں میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے خلاف ورزی نہ کریں گی" آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو بیعت فرماتے اور ان کے لئے استغفار فرماتے-

خالی جگہ پر کریں:

(1) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وقت کے بہت **قدر شناس اور پابند** ہیں-

(2) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مدرسے میں عورتیں **حسن معاشرت اور حسن** کے ساتھ علم کی باتیں سیکھتی-

(3) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم **عشاء** کے وقت بات کرنا پسند نہ کرتے۔

(4) آپ صلی اللہ علیہ وسلم **داہنی** کروٹ سوتے۔

سوال نمبر4:۔

صبح سویرے اٹھتے ہی کن سنتوں پر عمل کرنا چاہیے؟

جواب:۔

نیند سے اٹھتے ہی دونوں ہاتھوں سے چہرے اور آنکھوں کو ملے تاکہ نیند کا خمار دور ہو جائے۔

۲ جاگنے کے بعد جب آنکھ کھلے تو تین بار الحمدللہ کہیں اور تین بار کلمہ طیبہ لاالہ الا اللہ محمد الرسول اللہ پڑھیں۔

۳ جب بھی سو کر اٹھے تو مسواک کرنا چاہیے۔

سوال نمبر5:۔ گھر سے باہر جانے کی دعا لکھیں؟

جواب:۔ بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوۃ اللہ باللہ

ترجمہ:۔ "میں اللہ کا نام لے کر نکل رہا ہوں اللہ ہی پر بھروسہ ہے کہ خیر کے حاصل کرنے یا کسی شر سے بچنے میں کامیابی اللہ ہی کے حکم سے ہو سکتی ہے"

سوال نمبر6:۔ سونے سے اٹھ کر کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟

جواب:۔ الحمدللہ الذی احیانا بعد ما اماتنا والیہ النشور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں مار کر زندگی بخشی اور ہم کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

سوال نمبر7:۔

نیند سے اٹھ کر سب سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟

جواب:۔ نیند سے اٹھتے ہی دونوں ہاتھوں سے چہرے اور آنکھوں کو ملے تاکہ نیند کا خمار دور ہو جائے۔

خالی جگہ پر کریں:

(1) صبح سویرے اٹھتے ہی **چہرے اور منہ** کو دونوں ہاتھوں سے ملے۔

(2) جب بھی سو کر اٹھے تو **مسواک** کرنا چاہیے۔

(3) جاگنے کے بعد جب آنکھ کھلے تو **تین بار الحمدللہ اور تین بار کلمہ** پڑھنا چاہیے-

(4) ہم سب کا بھروسہ **اللہ تعالی** پر ہے-

سوال نمبر8:- اشراق کی نماز کے درجے بیان کریں؟

جواب:- اشراق کی نماز کے تین درجے درج ذیل ہیں:

اول درجہ:-

اول درجہ تو یہ ہے کہ اس مسجد میں جس جگہ فرض پڑھے ہیں وہی بیٹھے رہے ذکر الہی کرتے رہے-

اوسط درجہ:-

آپ درجہ یہ ہے کہ اس مسجد میں کسی جگہ بھی بیٹھ جائیں اور اللہ کا ذکر کرتے رہے-

ادنیٰ درجہ:-

ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ مسجد سے باہر چلے جائیں لیکن ذکر الہی برابر زبان سے ادا کرتے رہے-

سوال نمبر9:- اشراق کی نماز کیا ہے اور اس کی فضیلت بیان کریں؟

جواب:- جب آفتاب نکلنے کے بعد اس میں چمک آجائے تقریبا آفتاب نکلنے کے 15 منٹ کے بعد دو رکعت نفل پڑھیں تو پورے ایک حج اور پورے عمرہ کا ثواب ملتا ہے اس کو نماز اشراق کہتے ہیں- جو شخص اشراق کے وقت دو رکعت نفل پڑھے تو اس کے سب گناہ صغیرہ معاف کر دیئے جاتے ہیں-

سوال نمبر10:- صبح کی دعا کی فضیلت بیان کریں؟

جواب:- حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح کے وقت دعا پڑھتا ہے اس کی دن بھر کی چھٹی ہوئی نیکیوں کا ثواب اس کو مل جاتا ہے اور جو شام کے وقت پڑھتا ہے اس کو رات بھر کی چھٹی ہوئی نیکیوں کا ثواب ملتا ہے-

سوال نمبر11:- فجر کی سنتوں کے بعد کونسی دعا پڑھی جاتی ہے؟

جواب:- اللہم اجعل فی قلبی نورا اللہم اعطینی نور-

خالی جگہ پر کریں:

(1)جو شخص اشراق کے وقت دو رکعت نفل پڑھیں تو اس کے سب **گناہ صغیرہ** معاف کر دیئے جائیں گے-

(2)آفتاب نکلنے کے پندرہ منٹ کے بعد دو رکعت نفل پڑھنے تو **ایک حج اور ایک ہوئے عمرے** کا ثواب ملتا ہے-

سوال نمبر1: جب انسان خواب میں نہ پسندیدہ چیز دیکھے تو کیا عمل کریں؟

جواب: آعوذ باللہ من الشطین الرجیم پڑھے تین تین بار اور کسی سے اس کا ذکر نہ کرے۔ پھر وہ خواب اُسے نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

سوال نمبر2: حدیث نبوی ﷺ کے مطابق خواب کے نقصانات سے بچنے کا طریقہ بیان کریں؟

جواب: جس کروٹ پر ہے اُسے بدل لے۔(مسلم) یا اُٹھ کر نماز پڑھے۔(بخاری)

سوال نمبر3: نبی کریم ﷺ کی سنت کے اتباع کے فوائد لکھیں؟

جواب: معاشرہ اور ماحول کے غلبہ سے ان باتوں کا حاصل ہونا اور ان پر کاربند ہونا بظاہر بہت مشکل معلوم ہوتا ہے لیکن اگر اپنے آقائے نامدار اور محسن انسانیت ﷺ کی طاہرہ مطہر زندگی کا مطالعہ کیا جائے تو ان کی تقلید اور ان کی تعلیمات کی پیروی کی جائے تو پھر ہر بات نہایت آسان معلوم ہوتی ہے، اور اس اتباع سنت مقدسہ کا دوسرا نام حیات طیبہ ہے۔

سوال نمبر4: ایک مسلمان کی صبح سے لیکر رات تک کی زندگی کیسی ہونی چاہیے؟

جواب: متزکرہ بالا عبادات واطاعات کے علاوہ ایک مسلمان کی زندگی صبح سے رات تک دینی ودنیوی تمام معالات میں نہایت سیدھی سادی اور پاک وصاف ہونی چاہیے مثلاً اپنے اہل وعیال اور دیگر متعلقین کے حقوق کی ادائیگی میں، اپنے ذریعہ معاش کے معاملات میں، غمی وخوشی کی تقاریبات میں دوست واحباب کے تعلقات میں، اپنے ذاتی حالات میں، رہنے سہنے، نشست وبرخاست، کھانے پینے، لباسو پوشاک، وضع قطع، اصاف واخلاق میں نہایت پاکیزگی اور شرافت نفس کے ساتھ ہونا چاہیے۔

سوال نمبر5: خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ اگر کوئی بُرا خواب آئے تین بار آعوذ باللہ پڑھنی چاہیے۔

2۔ لباس و پوشاک **وضع قطع** اصاف واخلاق میں نہایت پاکیزگی اور شرافت نفس کے ساتھ ہونا چاہیے۔

سوال نمبر 1: گھر میں داخل ہونے کے طریقے بیان کریں۔

جواب: جب تم گھر میں آؤ اور جاؤ سلام کر کے جاؤ۔

سوال نمبر 2: اگر گھر والوں میں سے کسی بر پردہ ہونے کا اندیشہ ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

جواب: جب گھر میں سے کسی کے بے پردہ ہونے کا اندیشہ ہو تو اطلاع دے کر اندر داخل ہو گھر والوں کو کنڈی سے یا پیروں کی آہٹ سے یا کھنکھارنے سے خبر دار کر دینا چاہیے۔

سوال نمبر 3: خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ جب گھر میں داخل ہو تو **سلام** کریں۔

2۔ **عشاء** کی نماز پڑھنے سے قبل نہ سوئیں۔

3۔ جب گھر میں سے کسی کے بے پردہ ہونے کا اندیشہ ہو تو **اطلاع** دے کر اندر داخل ہو۔

4۔ تہجد کی نماز گھر ہی میں پڑھنی **افضل** ہے۔

5۔ گھر میں داخل ہوتے ہی خواہ کوئی بھی نہ ہو پھر بھی **سلام** کریں۔

سوال نمبر 1: نماز عشاء باجماعت ادا کرنے کی فضلیت بیان کریں؟

جواب: جو شخص چالیس رات عشاء کی نماز جماعت سے تکبیر اولیٰ سے ادا کے تو اس کے لیے دوزخ سے نجات لکھ دی جاتی ہے۔

سوال نمبر 2: حدیث کی روشنی میں رات کے وقت شیطان سے نجات کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

جواب: حضرت جابر بن عبد اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول ﷺ سے سنا کہ تم جب رات کو کتے کا بھونکنا اور گدھے کا چلانا سنو تو شیطان مردود سے خدا کی پناہ مانگو۔

یعنی آعوذ باللہ من الشطین الرجیم پڑھو کیونکہ کتے اور گدھے وہ چیز دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھتے۔ اور رات کو جب لوگ بازاروں میں موقوف کریں اور راستے بند ہو جائیں تو تم گھر سے بہت کم نکلا کرو اس لیے کہ رات کو خدا اپنی مخلوقات میں سے جس کو چاہتا ہے پراگندہ کرتا ہے۔

سوال نمبر3: رسول ﷺ نے پانی کی حفاظت کے متعلق کیا فرمایا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا مشکیزوں کو منہ باندھ دیا کرو۔ پینے والے پانی کو ڈھانپ دیا کرو۔ اور برتنوں کو اوندھا کر دیا کرو۔

سوال نمبر4: خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ ہر نماز کو باجماعت تکبیر کے ساتھ ادا کرنا **سنت** ہے۔

2۔ رات گئے **قصہ کہانیوں** کی محفل میں نہ جایا کرو۔

3۔ **مشکیزوں** کے منہ باندھ دیا کرو۔

4۔ جو شخص چالیس رات عشاء کی نماز جماعت ادا کرے تو اس کے لیے **دوزخ** سے نجات لکھ دی جاتی ہے۔

5۔ تم جب رات کو کتے کا بھونکنا اور گدھے کا چلانا سنو تو **شیطان مردود** سے خدا کی پناہ مانگو۔

باب دوم

آپ ﷺ کے معجزات

- آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے سب سے بڑا معجزہ قرآن مجید ہے کوئی شخص قرآن مجید کی چھوٹی سے چھوٹی سورت کے مقابلے میں اس جیسی سورت بنانے پر قادر نہیں۔
- شق صدر کا معجزہ: جس میں ملائکہ نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک اور قلب کو شق کر کے ایمان اور علم وحکمت سے بھر دیا۔
